
# شمس بین:

## ہدایات برائے استعمال




مکمل سورج گرہن

پیر، 8 اپریل 2024

© 2018-2024
Eclipse2024.org

# TERMS AND CONDITIONS FOR USE OF ECLIPSE GLASSES

**Please read these Instructions for Use carefully before using the Eclipse Glasses. Your purchase and use of the Eclipse Glasses constitutes your agreement to these Terms and Conditions. Failure to follow these Instructions for Use may result in serious personal injury, including permanent eye damage. If you do not understand these Instructions or cannot follow them diligently and completely, then you should not look at the Sun at any time, with or without the Eclipse Glasses.**

The term “Eclipse Glasses” refers to the special cardboard-and-polymer optical products, marked “ISO 12312-2” and “SAFE FOR DIRECT SOLAR VIEWING”, manufactured by Rainbow Symphony of Reseda CA or American Paper Optics of Bartlett TN, and sold by Eclipse2024.org for the purpose of viewing the Sun during the solar eclipse of April 8, 2024, by or under the direct supervision of a person 18 years of age or above and in accordance with these Instructions for Use.

Observing the Sun directly, without the benefit of eye protection provided by the Eclipse Glasses, will likely result in serious personal injury, up to and including permanent eye damage and blindness. When these Instructions for Use are followed completely and precisely, the undamaged and unmodified Eclipse Glasses have been proven to be safe and effective in allowing direct, short-term viewing of the Sun. If these Instructions for Use are not followed, or if damaged or modified Eclipse Glasses are used, permanent eye injury could result.

You should never look directly at the Sun, with or without the aid of the Eclipse Glasses, if you have any temporary or permanent medical or other condition which either (1) prevents your use of the Eclipse Glasses according to these Instructions for Use, or (2) which predisposes you to an increased or special risk of incurring, worsening, or contributing to the effects of any optical condition, or other medical, health, or other condition, by looking or attempting to look at the Sun.

You should never attempt to perform any other activity (such as driving or walking) while using the Eclipse Glasses.

You agree that if you allow others to use the Eclipse Glasses, you will provide each such user with a copy of these Instructions for Use and will make sure such user reads and understands the Instructions for Use before using the Eclipse Glasses.

By using the Eclipse Glasses to view the Sun, you agree with the following:

(a) you understand these Instructions for Use completely;
(b) you understand and accept the risks associated with improper use of the Eclipse Glasses;
(c) you accept full responsibility for, and assume all risks associated with, the act of viewing the Sun, with or without the use of the Eclipse Glasses; and
(d) the Eclipse Glasses are fragile, and any damage or modification will render them immediately and permanently unusable for their intended purpose.

Release and Limitation of Liability

By way of purchasing and using the Eclipse Glasses, you are irrevocably releasing, indemnifying, and holding harmless the manufacturer and seller from any liability, loss, claim and expense (including attorney’s fees), including but not limited to bodily injury or other personal harm, which may result from using the Eclipse Glasses under any circumstances or conditions and irrespective of jurisdiction. Neither the manufacturer nor the seller will be responsible for any damages of any kind, irrespective of reasons, conditions or circumstances, including malfunctioning of the Eclipse Glasses. All risks associated with using the Eclipse Glasses rest solely and entirely with the user, irrespective of whether the Eclipse Glasses are used by the original purchaser or any third party. You fully understand and assume the risks in using the Eclipse Glasses. You confirm that you have read this release of liability and fully understand its terms and that you have given up substantial rights by purchasing and using the Eclipse Glasses.

THE MANUFACTURER AND SELLER OF THE ECLIPSE GLASSES MAKE NO WARRANTY OF ANY KIND, EXPRESSED OR IMPLIED, WITH RESPECT TO THE ECLIPSE GLASSES, INCLUDING BUT NOT LIMITED TO THE IMPLIED WARRANTIES OF MERCHANTABILITY, FITNESS FOR A PARTICULAR PURPOSE, AND NON-INFRINGMENT. NEITHER THE MANUFACTURER NOR THE SELLER SHALL BE LIABLE FOR ANY OTHER DAMAGES, INCLUDING BUT NOT LIMITED TO DIRECT, INDIRECT, INCIDENTAL, SPECIAL, CONSEQUENTIAL, OR EXEMPLARY DAMAGES, WHETHER IN AN ACTION IN CONTRACT OR TORT (INCLUDING NEGLIGENCE AND STRICT LIABILITY), SUCH AS, BUT NOT LIMITED TO, LOSS OF ANTICIPATED PROFITS OR BENEFITS RESULTING FROM, OR ARISING OUT OF, OR IN CONNECTION WITH THE USE OR FURNISHING OF THE ECLIPSE GLASSES OR THE PERFORMANCE, USE OR INABILITY TO USE THE SAME, EVEN IF THE MANUFACTURER OR SELLER HAS BEEN ADVISED OF THE POSSIBILITY OF SUCH DAMAGES. IN NO EVENT WILL THE MANUFACTURER’S OR SELLER’S TOTAL LIABILITY EXCEED THE PRICE PAID FOR THE PRODUCT.

Note Regarding Translations

Translations of these Instructions for Use into various languages are provided “AS-IS” and solely for the convenience of the reader. Eclipse2024.org has made reasonable efforts to ensure the accuracy of the Translations; however, in the event of any perceived discrepancy in meaning or interpretation between the English version and any Translation, the English version will prevail. You should not act in reliance on anything contained in any Translation of these Instructions for Use, but should refer to the official English version.



© 2014-2024
Eclipse2024.org

# مکمل سورج گرہن–8اپریل2024

## شمالی امریکا میں خوش آمدید!

ہمارے لیے یہ امر باعث افتخار ہے کہ آپ نے مکمل سورج گرہن کے تجربے سے محظوظ ہونے کے لیے ہمارے ملک کو اپنی تشریف آوری کے لیے منتخب کیا ہے، ہم بھی یہی چاہیں گے کہ آپ میں سے ہر ایک اس شاندار نظارے سے محفوظ انداز میں لطف اندوز ہو۔

ہم آپ کی سہولت کے لیے یہ ہدایات اردو میں بھی فراہم کررہے ہیں۔ان ہدایات،احکاموں اور دستبرداریوں ("ہدایات")،کا انگریزی نسخہ،آپ کے لیے معلومات اور رہنمائی کا مکمل ذریعہ ہے جو کہ سورج کے براہراست نظارے کے حوالے سے شمس بین کے مناسب اور درست استعمال کا عکاس ہے۔ذیل میں دی گئی ویب سائٹ پر یہ ہدایات ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔
https://tinyurl.com/2024Instructions آپ کو شمس بین کے استعمال کے حوالے سے اس کا مطالعہ کرنا ہو گا،اسے سمجھنا ہو گا اور اس پر عمل درآمد کرنا ہو گا۔**ان ہدایات پر عمل پیرا نہ ہونا کسی سنجیدہ نوعیت کے ذاتی نقصان کی صورت میں نکل سکتا ہے۔**
ماہرین فلکیات 8اپریل2024 کے گرہن کو "مکمل سورج گرہن" قرار دیتے ہیں،تاہم اس کے مکمل نظارے کے لیے،آپ کا زمین کی ایک ایسی تنگ پٹی پر موجود ہونا ضروری ہے جو کہ شمالی امریکا سے گزرتی ہے (جسے "مکمل نظارے کا راستہ" کہا جاتا ہے)۔اگر آپ اس زمینی پٹی پر موجود نہیں ہیں،تو آپ محض جزوی سورج گرہن دیکھ پائیں گے! پس،یہ جان لینا نہایت اہم ہے کہ کیا آپ واقعی مکمل نظارے کے اس راستے میں موجود ہیں،اور اس حوالے سے آپ جس طریقہ کار پر عمل کریں گے اس کی وضاحت جلد ہی کر دی جائے گی۔



مکمل نظارے کا راستہ

رہنما کتابچہ برائے فوری آغاز

تفصیلی ھدایات

"شمسبین" کی اصطلاع جیسا کہ اس دستاویز میں اس کا استعمال ہوا ہے،"Eclipse Glasses" کی نمائندگی کرے گی اور اس کی بابت یہ تصور کیا جائے گا کہ وہ پہلے صفحے پر موجود دستبرداری،اور مزید یہ کہ،اس دستاویز میں،جہاں کہیں اس اصطلاح کا استعمال ہو گا،اس کی طرف اشارہ کرے گی۔
آپ کا سورج کے نظارے کے لیے شمس بین کا استعمال قانونی معاہدہ قائم کرتا ہے۔آپ کو بہ تفصیل اور مکمل طور پر تمام ہدایات اور رہنما اصولوں پر عمل پیرا ہونا ہو گا جو کہ ہدایات نامے میں درج ہیں،تا کہ آپ کسی بھی وقت شمس بین سے سورج کا بحفاظت مشاہدہ کر پائیں۔اگر آپ ہدایات کو سمجھ نہ پائیں،یا آپ ان پر مکمل اور درست انداز میں عمل پیرا نہ ہو سکیں،یا آپ ان شرائط سے متفق نہ ہوں،تو آپ کو ہدایت کی جاتی ہے اور مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ کبھی بھی کسی اور طریقے کے ذریعے سورج کے مشاہدے کی کوشش نہ کریں۔

© 2014-2024
Eclipse2024.org

# رہنما کتابچہ برائے فوری آغاز بحوالہ شمس بین

فوری آغاز سے متعلق راہنمائی اردو میں ہدایات کے تفصیلی سیٹ میں سمودی گئی ہے جس کا مطالعہ ضروری ہے، آپ کو اسے سمجھنا چاہیے، اور سورج گرہن کے نظارے کے لیے شمس بین استعمال کرتے ہوئے متعلقہ ہدایات پر عمل پیرا ہونا چاہیے۔

1) آپ اپنے محل وقوع کا اندازہ یہاں کلک eclipse2024.org/find-times کر کے لگالیں اور جان لیں کہ کیا واقعی یہاں مکمل سورج گرہن دیکھا جاسکے گا، اور مزید یہ کہ اس مقام کے حساب سے جزوی اور (اگر منطبق ہو) کُلی دورانیے کب ظہور پذیر ہوں گے۔

2) ایک مکمل سورج گرہن نہایت شاندار وقوعہ ہوتا ہے، تاہم آپ اس تجربے سے کُلی طور تبھی لطف اندوز ہو سکتے ہیں جب آپ "مکمل نظارے کے راستے" میں موجود ہوں جو کہ تقریباً دو سو کلو میٹر کشادہ ہے۔ اگر آپ کے طے شدہ محل وقوع کی نسبت سے مکمل سورج گرہن نظر نہیں آسکتا تو ہم پر زور سفارش کرتے ہیں کہ آپ اس اس مقام پر چلے جائیں جو کہ مکمل نظارے کے راستے میں موجود ہو!

3) سورج گرین کے نظارے کے حوالے سے شمس بین کے استعمال کے لیے، شمس بین کے لینز کے میٹریل کو اپنے ہاتھوں میں تھام کر براہ راست آنکھوں کے سامنے اس طرح رکھیں، کہ آپ کی آنکھیں سورج کے براہ راست نظارے سے مکمل طور پر محفوظ ہو جائیں۔

**4)** سورج کے نظارے کے لیے شمس بین کا استعمال کب کیا جائے:

الف۔ اگر آپ کے محل وقوع پر سورج گرہن مکمل نہیں ہو گا، تو اسے کسی بھی وقت شمس بین کے ذریعے دیکھیے۔ اگر آپ آنکھوں کی مناسب حفاظت کے بغیر اسے براہ راست دیکھیں گے تو آپ اپنی آنکھوں کو مستقل نوعیت کا نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

ب۔ اگر آپ کے محل وقوع پر مکمل گرہن ہو گا، تو آپ کے لیے شمس بین کے ذریعے سورج کا نظارہ کرنا ضروری ہے جب کہ سورج کی گول ٹکیہ کا کوئی روشن حصہ ظاہر ہو رہا ہو—حتیٰ کہ اگر نہایت چھوٹا حصہ ہی—دکھائی دے رہا ہو۔ اگر آپ اس ہدایت پر عمل پیرا ہونے میں ناکام رہیں گے تو آپ اپنی آنکھوں کو مستقل نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

i. تاہم، اس مختصر وقفے کیلئے جب کہ مکمل سورج گرہن ہو گا، اور سورج کا کوئی بھی روشن حصہ ظاہر نہ ہو رہا ہو گا، آپ شمس بین کے بغیر مکمل سورج گرہن کا براہ راست نظارہ کر سکتے ہیں۔

ii. در حقیقت، مکمل سورج گرہن کے وقت جب آپ شمس بین کے ذریعے سورج کے نظارے کی کوشش کریں گے، تو آپ کچھ بھی دیکھ نہیں پائیں گے۔

iii. جیسے ہی مکمل سورج گرہن کا دورانیہ مکمل ہو جائے، اور سورج کی گول ٹکیہ کا روشن حصہ ظاہر ہونے لگے، تو آپ کو لازمی طور پر شمس بین کے استعمال کی طرف پلٹ آنا ہے۔5

5) دوسرے لفظوں میں،

**جب سورج کی روشن گول ٹکیہ کا کوئی بھی حصہ ظاہر ہو رہا ہو، تو سورج کے نظارے کے لیے آپ کو لازماً شمس بین استعمال کرنی چاہیے!**

© 2018-2024
Eclipse2024.org

# شمس بین کے استعمال کے حوالے سے تفصیلی ہدایات

سب سے پہلے، آپ کے لیے بعض اصطلاحات سے آگاہ ہونا ضروری ہے۔

ہر گرہن، اور کرہ ارض پر ہر محل وقوع کی نسبت سے، اور مخصوص اہم مواقع کے تناظر میں، اوقات کو ناموں سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ان کو کچھ یوں تصور کیا جا سکتا ہے:

| نام وقوعہ | وقوعے کی تفصیل | اس دوران کیسا نظر آتا ہے (بحوالہ مکمل گرہن) | اس دوران کیسا نظر آتا ہے (بحوالہ جزوی گرہن) |
|---|---|---|---|
| C1 | جزوی مرحلے کا آغاز |  |  |
| C2 | مکمل مرحلے کا آغاز |  | ** واقع نہیں ہوتا! ** |
| وسط گرہن | گرہن کا درمیانی نقطہ |  |  |
| C3 | مکمل مرحلے کا خاتمہ |  | ** واقع نہیں ہوتا! ** |
| C4 | جزوی مرحلے کا خاتمہ |  |  |

© 2018-2024
Eclipse2024.org



# 1) عمومی ہدایات برائے استعمال بحوالہ شمس بین

1) [اگر اطلاق ہو] شمس بین کو احتیاط سے کھولیں۔

2) اگر شمس بین استعمال میں نہ ہو تو اسے محفوظ حالت میں رکھیں۔

3) ہر استعمال سے قبل شمس بین کا معائنہ کریں، اگر لینز فلم متاثر ہو یا غیر ہموار ہو، تو شمس بین کے ٹکڑے کریں اور ضائع کر دیں، اور اس کا محفوظ متبادل حاصل کریں.

4) اگر لینز کی فلم کسی طور متاثر ہو گئی ہو، تو شمس بین کو کبھی سورج کے نظارے کے لیے استعمال نہ کریں۔

5) شمس بین سے لینز فلم کا میٹریل نہ ہٹائیں، اور ہٹے ہوئے لینز فلم میٹریل کو سورج کے نظارے کے لیے استعمال نہ کریں۔

6) درست طور پر چڑھائے گئے، اور بالکل ٹھیک حالت میں موجود شمس بین کے لینز قابل نظارہ روشنی کے خطرناک درجات کو بحفاظت روک دیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ کسی بھی وقت سورج کے نظارے کے لیے، ان ہدایات کی روشنی میں، شمس بین کو استعمال کرنا مکمل طور پر محفوظ ہے۔ یاد رکھنے کی بات ہے کہ ایسی کوئی خصوصی " گرہنی شعاعیں " نہیں ہوتی ہیں جو کہ گرہن کے دوران سورج کے نظارے کو زیادہ یا کم خطرناک بنا سکیں۔

7) **آپ کو شمس بین کو اسی طرح استعمال کرنا ہوگا، جس طرح یہاں وضاحت کی گئی ہے، تا کہ جب کبھی سورج کی چمک دار گول ٹکیہ نظر آئے تو آپ اسے محفوظ انداز میں دیکھ سکیں۔ گرہن کے اتصالی اوقات (جن کے نام ہیں، "C2" اور "C3" جیسا کہ اوپر بیان ہوئے) کے باوجود، کہ جو آپ نے کسی ذریعے سے ریکارڈ کیے ہیں، یہ حقیقت ہے۔**

8) شمس بین کو کسی دوربین، دوچشمی دوربین، کیمرہ، لینز، شیشہ، یا کسی بھی دیگر آپٹیکل آلے، ڈیوائس یا اس آبجیکٹ کے ساتھ استعمال نہ کریں جو کہ روشنی کو گزرنے کا راستہ دیتا ہو یا روشنی کا انعکاس کرتا ہو، یعنی کہ (" آپٹیکل ڈیوائس ")۔

9) کسی بھی ایسی آپٹیکل ڈیوائس کا رخ سورج کی طرف نہ کریں، اور اسی طرح سورج کی طرف رخ رکھنے والی، یا کسی بھی طرح سورج کی روشنی کو ذخیرہ کرنے والی، روشنی مرکوز کرنے والی یا روشنی کی سمت بدلنے والی آپٹیکل ڈیوائس کو استعمال کرتے ہوئے براہ راست سورج کے نظارے سے گریز کریں۔

10) جانوروں کو شمس بین کے استعمال کی اجازت نہ دیں، اور ان جڑی حالت میں، مزید یہ کہ اسے وہ فرد بھی استعمال نہ کرے کہ جو شمس بین کے محفوظ استعمال اور متعلقہ ضروریات کو پڑھنے، سمجھنے اور اس پر کاربند ہونے کے اہل نہ ہو یا قانون کے مطابق اپنے اعمال کے نتائج کی ذمہ داری قبول نہ کرے۔

11) شمس بین استعمال کرنے کے لیے:

شمس بین کو اپنی آنکھوں اور سورج کے بالکل درمیان میں رکھ کر تھام لیں، اور سورج کا نظارہ شمس بین کے غیر متاثرہ لینز کے ذریعے کریں، اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ شمس بین کا لینز میٹریل مسلسل آپ کی آنکھوں اور سورج کے درمیان رہے۔ اگر شمس بین کی شکل کارڈ بورڈ طرز کے چشمے جیسی ہو، تو آپ کارڈ بورڈ کو اس طرح فولڈ کر سکتے ہیں کہ جیسے آپ روایتی چشمہ پہنتے ہیں۔ سورج جب تک مکمل گرہن کی حالت میں نہ ہو، تو کبھی اس کا براہ راست نظارہ نہ کریں (اس کا مطلب ہے، نیچے دیے گئے چارٹ میں درج سی 2 اور سی 3 کے اوقات کے دوران، اگر یہ اوقات آپ کے مقام نظارہ پر لاگو ہوتے ہوں)، الا یہ آپ سورج کا براہ راست نظارہ شمس بین کے غیر متاثرہ لینز میٹریل کے ذریعے کر رہے ہوں۔



12) سورج کے نظارے کے لیے کوئی اور میٹریل یا آبجیکٹ، جو کہ شمس بین کے اصل لینز، جو اپنے ہولڈروں میں نصب ہوتے ہیں، سے ہٹ کر ہو، استعمال نہیں کرنا چاہیے تا کہ آپ کی آنکھیں محفوظ رہیں۔

13) اگر آپ کے ذہن میں ان ہدایات سے متعلق کوئی سوال موجود ہو، تو براہ مہربانی Eclipse2024.org کے ذریعے یہاں رابطہ کریں https://tinyurl.com/glasses-questions۔

## 2) اپنے محل وقوع کے حساب سے گرہن کے موقع کے مخصوص اوقات کے بارے میں جانیں

آپ کے محل وقوع کی نسبت سے اس ویب سائیٹ eclipse2024.org/find-times پر فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر، مندرجہ ذیل بیان مکمل کریں:

### میرے محل وقوع کے حساب سے، گرہن کی صورت ہے

| مکمل | نامکمل |
|---|---|

(کسی ایک پر دائرہ لگائیں)


| | |
|---|---|
| اگر آپ کے محل وقوع کے حساب سے گرہن مکمل ہے، تو ان ہدایات پر عمل پیرا ہوں جو کہ اس میں موجود ہیں<br><br>"سورج گرہن مکمل ہے میرے محل وقوع پر"<br><br>نچلا سیکشن: | اگر آپ کے محل وقوع کے حساب سے گرہن نامکمل ہے، تو ان ہدایات پر عمل پیرا ہوں جو کہ اس میں موجود ہیں<br><br>"یہ گرہن نامکمل ہے میرے محل وقوع میں"<br><br>نچلا سیکشن: |

© 2018-2024
Eclipse2024.org

## ** سورج گرہن **مکمل** ہے میرے محل وقوع پر **

آپ مکمل گرہن کے راستے میں ہیں، اور آپ اس نایاب اور شاندار موقع سے بھرپور انداز میں مستفید ہوں گے! اس لیے اس امر کا تعین کر لینا نہایت اہم ہے کہ گرہن آپ کے محل وقوع کے حساب سے کب اپنی مکمل صورت میں ہوگا۔ آپ ایسا کر پائیں گے جب آپ اپنے نوٹ کردہ وقت سے رجوع کریں گے، اور یہ جان کر بھی کہ سورج کی گول ٹکیہ کا کوئی بھی روشن حصہ مکمل گرہن کے وقت نظر نہیں آئے گا۔

1) آپ کے مخصوص محل وقوع کی نسبت سے اس ویب سائیٹ eclipse2024.org/find-times پر موجود معلومات کی بنیاد پر، آپ درج ذیل فہرست میں سے ہر گرہن کے دورانیے کے حوالے سے تخمینہ لگا کر اسے ضبط تحریر میں لا سکتے ہیں (اپنے ٹائم زون کے حساب سے وقت کا اندازہ لگانے کو یقینی بنائیں!):

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| C1 سے قبل | *کوئی گرہن نہیں ہے* | |  |  | آپ کو لازماً شمس بین استعمال کرنا چاہیے |
| C1 | جزوی مرحلہ اس وقت شروع ہوگا: | |  |  | آپ کو لازماً شمس بین استعمال کرنا چاہیے |
| C2 | مکمل مرحلہ اس وقت شروع ہوگا: | |  |  | C2 کے بعد، آپ براہ راست آنکھ سے مشاہدہ کر سکتے ہیں |
| وسط گرہن | واقع ہوا ہے: | |  |  | آپ براہ راست آنکھ سے مشاہدہ کر سکتے ہیں! |
| C3 | مکمل مرحلہ اس وقت ختم ہوگا: | |  |  | آپ کو پھر سے لازماً شمس بین استعمال کرنا چاہیے |
| C4 | جزوی مرحلہ اس وقت ختم ہوگا: | |  |  | آپ کو لازماً شمس بین استعمال کرنا چاہیے |
| C4 کے بعد | *کوئی گرہن نہیں ہے* | |  |  | آپ کو لازماً شمس بین استعمال کرنا چاہیے |

2) گو کہ آپ مکمل گرہن کے نظارے کے راستے میں موجود ہیں تب بھی آپ C2 سے قبل یا C3 کے بعد جب گرہن مکمل نہیں ہے، سورج کا نظارہ لازمی طور پر شمس بین سے کریں۔

© 2018-2024
Eclipse2024.org

3) آپ براہِ راست آنکھ سے سورج کا مشاہدہ کر سکتے ہیں (شمس بین کا استعمال کیے بغیر) تاہم صرف تب

a. اگر آپ کے محل وقوع میں مکمل سورج گرہن ہو (یعنی آپ "راستے میں" ہوں)، اور

b. مکمل گرہن کے دورانیے کے وقت (یعنی آپ کے اپنے محل وقوع کے حساب سے نوٹ کردہ وقت کے دوران جو کہ اندازاً C2 اور C3 کے مابین ہوتا ہے)، اور

c. **جب بھی سورج کی گول ٹکیہ چاند کے عقب میں ہونے کے باعث مکمل طور پر چھپ جائے۔**

مکمل گرہن کے اصل اوقات بڑی حد تک آپ کے درست ترین محل وقوع کے حساب سے تبدیل ہوتے ہیں، اور یہی وجہ ہے کہ آپ کو اس سے قبل درست وقت کا اندازہ لگانا پڑتا ہے اور اسے ریکارڈ کرنا ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ جو اوقات آپ اوپر ریکارڈ کرتے ہیں وہ ایک اندازے کی حیثیت رکھتے ہیں!

4) ایک بار پھر بتاتے چلیں، اوپری فہرست میں درج کردہ کسی بھی وقت کے برخلاف، یا کسی بیرونی ذریعے سے حاصل کردہ ذریعے کو سامنے رکھتے ہوئے، **آپ کو لازمی طور پر ہمیشہ شمس بین کی مدد سے سورج کا نظارہ کرنا ہوتا ہے جب کبھی سورج کی گول ٹکیہ کا کوئی بھی حصہ نظر آ رہا ہو۔**

5) ان ہدایات کے ساتھ تصویری وضاحتی ضمیمہ جات منسلک ہیں تاکہ یہ آپ کے سمجھنے کے عمل میں معاون ثابت ہوں۔

---

**آپ کے لیے ضروری ہے کہ درج ذیل بیانات کا مطالعہ کریں، انہیں سمجھیں اور ان پر کاربند ہو جائیں:**

## مجھے لازمی شمس بین کے استعمال کے حوالے سے تمام ہدایات پر کاربند رہنا ہو گا، تاکہ اسے بحفاظت استعمال کیا جا سکے۔

## اگر سورج کی روشن گول ٹکیہ کا کوئی حصہ ظاہر ہو رہا ہو، تو مجھے سورج کے نظارے کے لیے لازماً شمس بین استعمال کرنا پڑے گا۔

© 2018-2024
Eclipse2024.org

# ** یہ گرہن نامکمل ہے میرے محل وقوع میں **

آپ مکمل گرہن کے راستے میں موجود نہیں ہیں،اوراس لیے آپ مکمل گرہن کی خوب صورتی کا تجربہ نہیں کرپائیں گے۔(ہم پرزور سفارش کرتے ہیں کہ آپ خود کو مکمل گرہن کے راستے کی طرف لے جائیں تاکہ آپ اس شاندار تجربے سے محظوظ ہوسکیں!)

1) آپ کے مخصوص محل وقوع کی نسبت سے اس ویب سائیٹ eclipse2024.org/find-times پر موجود معلومات کی بنیاد پر، آپ درج ذیل فہرست میں سے ہر گرہن کے دورانیے کے حوالے سے تخمینہ لگا کر اسے ضبط تحریر میں لا سکتے ہیں (اپنے ٹائم زون کے حساب سے وقت کا اندازہ لگانے کو یقینی بنائیں!):

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| C1 سے قبل | *کوئی گرہن نہیں ہے* | |  |  | آپ کو لازماً شمس بین استعمال کرنا چاہیے |
| C1 | جزوی مرحلہ اس وقت شروع ہوگا: | |  |  | آپ کو لازماً شمس بین استعمال کرنا چاہیے |
| وسط گرہن | واقع ہوا ہے: | |  |  | آپ کو لازماً شمس بین استعمال کرنا چاہیے |
| C4 | جزوی مرحلہ اس وقت ختم ہوگا: | |  |  | آپ کو لازماً شمس بین استعمال کرنا چاہیے |
| C4 کے بعد | *کوئی گرہن نہیں ہے* | |  |  | آپ کو لازماً شمس بین استعمال کرنا چاہیے |

(نوٹ کرلیں کہ C2 اور C3 اوقات فہرست میں درج نہیں ہیں،اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے محل وقوع میں مکمل گرہن نہیں ہے!)

2) **چونکہ آپ جہاں ہیں، وہاں گرہن مکمل نہیں ہے، اس لیے آپ کو سورج کے نظارے کے لیے لازماً شمس بین استعمال کرنا چاہیے**۔ایک بار پھر بتاتے چلیں، آپ مکمل گرہن کے راستے میں جائیں۔اس بات کا بھی اثبات کرلیں کہ شمس بین آپ کے ہمراہ ہو، تاکہ آپ گرہن کے جزوی مراحل کا محفوظ انداز میں مشاہدہ کرسکیں۔

3) ان ہدایات کے ساتھ تصویری وضاحتی ضمیمہ جات منسلک ہیں تاکہ یہ آپ کے سمجھنے کے عمل میں معاون ثابت ہوں۔

---

**آپ کے لیے ضروری ہے کہ درج ذیل بیانات کا مطالعہ کریں، انہیں سمجھیں اوران پر کاربند ہوجائیں:**

مجھے لازمی شمس بین کے استعمال کے حوالے سے تمام ہدایات پر کاربند رہنا ہوگا، تاکہ اسے بحفاظت استعمال کیا جاسکے۔

## مجھ پر لازم ہے کہ سورج کے نظارے کے لیے ہمیشہ شمس بین استعمال کروں۔

© 2018-2024
Eclipse2024.org

PDF

اُردُو

GRAN ECLIPSE NORTEAMERICANO

GRANDE ÉCLIPSE NORD-AMÉRICAINE

GREAT NORTH AMERICAN ECLIPSE